کس طرح ادا کیا اور اس کے بالمقابل اقلیت میں کس قسم کے اوصاف و کمالات موجود ہونے ضروری ہیں اگر اقلیت میں وہ اوصاف موجود ہیں تو قانونِ فطرت کے مطابق وہ کبھی عزت و عظمت سے محروم نہیں ہو سکتے، اس لحاظ سے کسی قوم یا فرقہ کا اقلیت میں ہونا اُن کے لئے زحمت نہیں بلکہ رحمت و برکت کا سبب ہوتا ہے۔ مسلمانوں کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے

حضرت عمرو بن العاص و حضرت عائشہ صدیقہ از جناب مولوی اسلام اللہ صدیقی جونپوری تقطیع خورد ضخامت ۱۵۲ صفحات۔ قیمت دو روپیہ پچیس پیسے (۲) ضخامت ۸۲ صفحات قیمت ۸۰ نئے پیسے۔ پتہ مکتبہ اسلامی ادب للہ پورہ (فاطمان) بنارس۔

حضرت عمرو بن العاص مشہور جلیل القدر صحابی ہیں۔ غیر معمولی شجاعت کے ساتھ فرزانگی اور تدبر و سیاست میں اپنے ساتھیوں میں ممتاز تھے۔ مصر کی عظیم الشان فتح اور اس کے حسن نظم و نسق یہ سب آپ کی ہی سیاست و خلق کا ایک کرشمہ تھا۔ پہلی کتاب میں آپ کے ہی حالات و سوانح۔ فضائل و مناقب اور کارنامے بیان کئے گئے ہیں۔

دوسری کتاب حضرت عائشہ صدیقہ کے حالات و سوانح میں ہے۔ حضرت صدیقہؓ تاریخ اسلام میں جس مرتبۂ بلند کی مالک ہیں کوئی مسلمان اُس کا منکر نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ اُردو میں مولانا سید سلیمان ندوی کی کتاب "سیرتِ عائشہ" پہلے سے موجود تھی اور وہ بڑی تحقیقی اور پُر از معلومات بھی ہے۔ لیکن عام اُردو خوانوں کے لئے یہ کتاب بھی مفید ہو گی۔ واقعات صحیح ہیں اور زبان و بیان سلیس و شگفتہ اور دلچسپ ہے۔

اپنی ضرورت کی کتابیں حسب ذیل پتہ سے طلب فرمائیں

مکتبۂ بُرہان، اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶